بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

4 فروری 2026ء

# پریس ریلیز

## پاکستان کی سلامتی اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی باہم جڑی ہوئی ہیں۔

**کیا پاکستان 'بورڈ آف پیس' کے فورم سے مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر سے بھارت کو نکال باہر کرنے کا مطالبہ کرے گا؟**

**بھارت اپنے پشتی بانوں اسرائیل اور امریکہ کے دباؤ پر پاکستان پر سندور 2 کے نام سے دوبارہ حملہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔**

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور (پ ر):** پاکستان کی سلامتی اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی باہم جڑی ہوئی ہیں۔ کیا پاکستان 'بورڈ آف پیس' کے فورم سے مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر سے بھارت کو نکال باہر کرنے کا مطالبہ کرے گا؟ بھارت اپنے پشتی بانوں اسرائیل اور امریکہ کے دباؤ پر پاکستان پر سندور 2 کے نام سے دوبارہ حملہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارت کے مذموم عزائم 370 اور 35A کی بحالی سے انکار اور ہندتوا کے نفاذ سے آگے بڑھ کر خطے میں اسرائیل اور امریکہ کے ابلیسی مقاصد کو پورا کرنے تک پھیل چکے ہیں۔ اسرائیل، امریکہ اور بھارت پر مشتمل ابلیسی اتحادِ ثلاثہ نے بھارت کے ذریعے مئی 2025ء میں پاکستان کے خلاف آپریشن سندور جیسا بڑا حملہ کروایا تھا جس میں ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل نے اپنے فطری اتحادی بھارت کو عسکری ساز و سامان سمیت ہر نوع کی مدد فراہم کی تھی۔ یہ وہی ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل ہے جس نے غزہ کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا ہے، غزہ کے 70 ہزار سے زائد مسلمانوں کا قتل عام کر چکا ہے، فلسطینی مسلمانوں کی نسل کُشی پر تُلا ہوا ہے اور جس کا ناجائز وزیر اعظم نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کے توسیعی منصوبہ کو اپنا 'تاریخی' اور 'روحانی' مشن قرار دیتا ہے۔ بھارت کے پاکستان پر اِس حملے کے مقاصد جہاں یہ تھے کہ پاکستان کو دھمکی دی جائے کہ غزہ کے معاملے میں کسی قسم کا کردار ادا کرنے سے باز رہے اور مقبوضہ کشمیر پر بھارتی تسلط کو تسلیم کر لے، وہیں یہ بھی تھا کہ پاکستان کی ایٹمی اور میزائل ٹیکنالوجی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا دیا جائے، جو اسرائیل، امریکہ اور بھارت تینوں کی دیرینہ خواہش ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد شاملِ حال ہوئی اور پاکستان نے بھارت کو ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ اُس کے پشتی بان بھی انگلیاں دانتوں تلے دبا کر رہ گئے۔ اِس سُبکی کے بعد بھارت دنیا بھر میں ذلیل و رسوا ہوا اور مغربی ممالک و بھارت کے فطری اتحادیوں کا اُس کے ناقابلِ تسخیر ہونے کا پراپیگنڈہ بُری طرح بے نقاب ہو گیا۔ بہر حال، اس فتح پر ہمیں کسی خوش فہمی کا شکار نہیں ہونا چاہیے اور باطل قوتوں کے ساتھ اگلے معرکہ کے لیے ہر طرح کی مکمل تیاری رکھنی چاہیے۔ بھارت اپنے پشتی بانوں کی مکمل معاونت کے ساتھ پاکستان پر سندور 2 کے نام سے دوبارہ حملہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ ایسے میں پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں دونوں کے لیے ایک دوسرے کی اخلاقی اور عسکری مدد کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ 'بورڈ آف پیس' کے فورم سے، جس کا پاکستان رکن بن چکا ہے اور جس کی شقوں میں دنیا بھر میں امن قائم کرنا شامل ہے، پاکستان مسئلہ کشمیر کے حل اور مقبوضہ کشمیر سے بھارت کو نکال باہر کرنے کا مطالبہ کرے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ اگر پاکستان صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بن جائے اور اُس کے ثمرات دنیا کے سامنے آ جائیں تو بھارت کے لیے ممکن ہی نہیں رہے گا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں عوامی تحریک کو دبا سکے۔ لہٰذا ہمارے لیے کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ ہم نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر دیں تا کہ اہلِ کشمیر کو پاکستان کی جانب ایک خصوصی کشش محسوس ہو اور اُن کی پاکستان کا حصہ بننے کی تحریک اتنی زور آور ہو جائے کہ بھارت کے لیے اُسے روکنا ممکن نہ رہے۔ تب ہی "کشمیر بنے گا پاکستان" کا نعرہ حقیقت کا روپ دھارے گا۔ اِن شاء اللہ!

**جاری کردہ**
**رضاء الحق**
**مرکزی ناظم نشرو اشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: February 4th, 2026**

## Pakistan's security and the liberation of occupied Kashmir are inseparably linked. Will Pakistan use the "Board of Peace" forum to demand resolution of the Kashmir issue and the expulsion of India from occupied Kashmir?

## India, under pressure from its patrons Israel and America, is preparing to launch another attack on Pakistan under the name "Sindoor 2".

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement on the occasion of Kashmir Solidarity Day. He said that India's sinister designs regarding occupied Kashmir have expanded beyond the refusal to restore Articles 370 and 35A and the imposition of Hindutva, to the execution of the satanic objectives of Israel and America in the region. The satanic alliance of three – Israel, America, and India – orchestrated, through India, a major attack against Pakistan in May 2025 under the banner of "Operation Sindoor," during which the illegal Zionist state of Israel provided its natural ally India with every form of support, including military hardware. This is the same illegal Zionist state that has reduced Gaza to rubble, has resulted in the shahadah of more than 70,000 Muslims in Gaza, remains bent on the genocide of the Palestinian people, and whose illegitimate Prime Minister Netanyahu has declared the expansionist Greater Israel project to be his "historic" and "spiritual" mission.

He said that the objectives of India's attack on Pakistan were, on the one hand, to threaten Pakistan into refraining from playing any role regarding Gaza and to compel acceptance of Indian domination over occupied Kashmir, and on the other, to inflict irreparable damage on Pakistan's nuclear and missile capabilities – a long-standing desire shared by Israel, America, and India alike. However, Allah (*SWT*)'s help came to Pakistan's aid, and Pakistan delivered such a crushing response that even India's patrons were left stunned, biting their fingers in disbelief. Following this humiliation, India was disgraced globally, and the propaganda of Western states and India's natural allies portraying it as invincible was thoroughly exposed. Nevertheless, he cautioned that Pakistan must not fall into complacency after this victory and must maintain complete preparedness of every kind for the next confrontation with the forces of falsehood. He warned that India, with full backing from its patrons, is preparing once again to attack Pakistan under the name "Sindoor 2," and in these circumstances, it has become unavoidable for Pakistan and the Muslims of occupied Kashmir to provide each other with moral and military support. He posed the question whether Pakistan, from the "Board of Peace" forum – of which it has now become a member and whose stated mandate includes establishing peace worldwide – will demand a resolution of the Kashmir issue and the removal of India from occupied Kashmir. He said the reality is that if Pakistan truly becomes an Islamic welfare state and its fruits become evident to the world, it will be impossible for India to suppress the popular movement in occupied Kashmir. Therefore, the real task before us is to give practical implementation of the Ideology of Pakistan, so that the people of Kashmir feel a special pull towards Pakistan and their movement to join Pakistan becomes so powerful that India will be unable to contain it. Only then will the slogan "Kashmir will become Pakistan" take the form of reality. In shaa Allah!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**